# امتحان میں نقل کرنا

<"xml encoding="UTF-8?>

## امتحان میں نقل کرنا

مسئلہ 2275: اسکول، کالج اور دوسری جگہوں کے امتحان میں نقل کرنا جائز نہیں ہے خواہ بغل میں بیٹھے اسٹوڈنٹ کی مدد سے ہو یا کاغذ چھپاکے لےجانے کے ذریعے ہو یا نظارت کرنے والوں کو غفلت میں ڈالنے کے ذریعے یا کسی اور طریقے سے ہو۔

مسئلہ 2276: وہ اسٹوڈنٹ جس نے اپنے بعض امتحانوں میں نقل کی ہے اور اس طرح سے اعلیٰ تعلیمات (کلاسوں) کاسارٹیفکٹ حاصل کیا ہے جیسے (بی اے، ام اے، پی اچ ڈی) تو اس نے گناہ کیا ہے اور اگر اس کی بنیاد پر زیادہ تنخواہ لے رہا ہے چنانچہ جس کام کی اسے نوکری دی گئ ہے اسے صحیح انجام دے تو اس کی تنخواہ حلال ہے لیکن اگر سارٹیفکٹ کے مطابق مہارت نہیں رکھتا تو خود کو اس عنوان سے سرکاری یا غیر سرکاری ادارے میں پیش کرنا جائز نہیں ہے، قابلِ ذکر ہے کہ پڑھائی کا جعلی سارٹیفکٹ یا جعلی اسناد کابنانا اور اس کو اصل سارٹیفکٹ یا اصل اسناد کے طور پر پیش کرنا ہر صورت میں جائز نہیں ہے۔